26/01/2026

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

یوم جمہوریہ

ملک آج 77ویں یوم جمہوریہ کے موقعے پر حب الوطنی کے جذبے اور رنگ میں رنگا ہوا ہے ۔قومی سطح کی تقریب نئی دلی کے کرتویہ پتھ پر منعقد ہوئی، جہاں صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے جشن جمہورکی قیادت کی۔ انہوں نے ترنگا پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔

....

پریڈ میں بھارت کے متنوع اور مالا مال ثقافتی ورثے کے علاوہ فوجی طاقت کا مظاہرہ کیاگیا۔اس موقعے پروزیراعظم نریندر مودی ، سینئر وزراء، چیف آف ڈیفنس سٹاف ، فوج کی تین شاخوں کے سربراہانموجود تھے۔ جبکہ تقریب میں زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں کام انجام دینے والے دس ہزار مہمانوں کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔

جموں

جموں کشمیر سمیت مختلف ریاستوں ، مرکزی زیر انتظام علاقوں اور الگ الگ وزارتوں کی جھانکیاںاس پریڈ میندلچسپی کامرکز تھیں۔

ادھر جموں کشمیر میں جشن جمہور کی سب سے بڑی تقریب مولانا آزاد اسٹیڈیم جمونمیں منعقد ہو ئی، جہاں لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نے قومی پرچم پھیرا کر پریڈ پر سلامی لی اور مارچ پاسٹ کا معائینہ کیا۔اس تقریب مینوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ مہمان خصوصی تھے۔

اپنی تقریر میں لیفٹنٹ گورنر نے مختلف شعبوں میں حاصل شدہ کامیابیوں کاتفصیل سے ذکر کیا۔انہوننے تمام کامگاروں ، کسانوں ، ڈاکٹروں ، انجینئروں ، اختراع کاروں ، کار خانہ داروں ، اساتذہ ، طالب علموں ، نوجوانوں ، خواتین ، دستکاروں ،ا دیبوں ، تاجروں ،صنعت کاروں اور سماج کیلئے کام کرنے والے رضا کاروں کو سلام پیش کیا ، جن کی خدمات کام اور کوششوں سے یہ قوم آگے بڑ ھ رہی ہے۔

....

منوج سنہا نے فوجی اور نیم فوجی دستوں کے علاوہ جموں کشمیر پولیس کے جوانوں کی زبردست سراہنا کرتے ہوئے کہا کہ جوانوں کی کوششوں سے نہ صرف جموں کشمیر میں امن کا قیام ہوا ہے بلکہ ان کے وجود سے ہماری قوم صحیح سلامت اور محفوظ ہے ۔

....

سرینگر

ادھر وادی میں صوبائی سطح کی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگرمیںمنعقد ہوئی، جہاں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے قومی پرچم پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ پریڈ میںجموں ، ہوم گارڈس ، سول ڈیفنس، فائرسروسز، این سی سی ، این ایس ایس اور CRPFکشمیر پولیس، اسکولی بچوں کے دستے شامل تھے۔

اس موقعے پر سرکاری ملازمین اور عام لوگوں کی ایک بڑی تعداد موجو د تھی۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے کہا۔

....

یوم جمہوریہ کی تقریب میں جموں کشمیر پولیس کے جیالوں نے شاندار کرتب بازی کا مظاہرہ بھی کیا۔جبکہ اس موقعے پر رنگا رنگ تمدنی پروگرام بھی پیش کئے گئے ۔

....

اضلاع

کابینہ کے وزراءنے بھی بعض اضلاع میں جشن جمہور کی تقریبات کی قیادت کی۔ وزیرتعلیم سکینہ ایتونے اننت ناگ // وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے بارہمولہ // امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کھٹوعہ اور جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے پونچھ ضلع میں قومی ترنگا پھیرا کر مارچ پاسٹ کا معائنہ کیا۔

وادی کے دیگر اضلاع میں متعلقہ ضلع ترقیاتی کونسلوںکے چیر پرسنوں نے قومی پرچم چیر مین محمد DDC پھیریا۔شوپیان میں ضلع ترقیاتی کونسل کی چیرسن بلقیس جان // کولگام میں افضل پرے //کپواڑہ میں ضلع ترقیاتی کونسل کے چیر مین عرفان سلطان پنڈت پوری //گاندربل چیر پرسن نذہت اشفاق //پلوامہ میں ضلع ترقیاتی کونسل کے چیر مین باری اندرابی DDC میں //بانڈی پورہ میں ڈی ڈی سی چیر مین عبدالغنی بٹ اور بڈگام میں ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹمارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔

مبارکباد

کشمیر وی کے بردی نے جموں کشمیر پولیس کے افسروں اور جوانوں کو مبارکباد پیش کی IGP ہے، جنہیں یوم جمہوریہ کے موقعے پر بہادری کے اعزازات سے نوازا گیا ہے ۔

KPDCL

کشمیر پاؤرڈسٹریبوشن کار پوریشن لمٹیڈ نے کہا ہے کہ وادی بھر میں حالیہ برفباری اور آندھی کی وجہ سے متاثر ہوئے بجلی کے نظام کومکمل طور پر بحال کیا گیا ہے ۔

نیٹ ورکس کے ساتھ ساتھ بجلی ٹرانسفارمروں اور LT اورHT اس طرح کی موسمی صورتحال سے دیگر ترسیلی لائنوں کوشدید نقصان پہنچا تھا جس کے نتیجے میں بیشتر علاقوں میں بجلی کی سپلائی متاثر ہوئی تھی۔

کی ایک پریس رلیز میں کہا گیاہے کہ وادی بھر میں برقی رو کی سپلائی کو بہت حد تک KPDCL معمول پر لایا گیا ہے اور 16سو میگاواٹ سے زیادہ کا لوڈ ڈسٹری بیوٹ کیاجانے لگا ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے شہرہ

ٔ آفاق سیاحتی مقام گلمرگ کا دورہ کرکے وہاں سڑکوں سے برف ہٹانے اور سیاحو ناور عام لوگوں کو فراہم کی جا رہی سہولیات کا جائزہ لیا۔

انہوننے کہاکہ برف باری سے جہاں سیاحتی منظر نامے کو فروغ ملا ہے وہیں دو سال کے وقفے کے بعد کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا انعقاد ہوگا۔

....

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....